BROWN
BOOK ONLY

UNIVERSAL LIBRARY

OU_222632

UNIVERSAL LIBRARY

نظمِ نفیس

(یعنی)

اب نفیس اعلی اللہ مقامہ کے چھ منتخب اور چند مرثیوں کا مجموعہ

75

۸۹۱۱۲
ن

باہتمام مرزا محمد جواد نظامی پریس لکھنؤ میں چھپی

۱۴۰۶۸ ع   ۵۱۴ ف

فہرست

احوال   بند Ch

جلوہ مرے سخن میں ہے کس آفتاب کا ...... ۱۳۶ ...... امام حسین

فراغ ماہ کو جب رات کے سفر سے ہوا ...... ۱۴۱ ...... حضرت

پھر آج جوہر تیغ زباں دکھاتا ہوں ...... ۱۵۶ ...... حضرت

ہاں اے عروس حجلہ اعجاز رو دکھا ...... ۱۷۵ ...... حضرت

کیا جگر بند شہنشاہ رسالت کو ملے ...... ۱۸۴ ...... جناب ع

طلوع ہوتا ہے پھر آج آفتاب سخن ...... ۱۳۶ ...... جناب عو

حالِ جرأت و شہادت مظلومِ کربلا سید الشہدا حضرت ابا عبداللہ الحسین علیہ آلاف التحیۃ والثنا

جلوۂ سخن [illegible] آفتاب

تاریخی

۱۳۰۶

مصنفہ جناب میر نفیس اعلی اللہ مقامہ

مطبوعہ نظامی پریس لکھنؤ

۵۱

جلوہ ہے سخن میں ہے کرن آفتاب کا
یہ نور ہے ثناے رسالت مآب کا
ہے یہ کلام صاف جواب آفتاب کا
پرتو ہے ماہ منقبت بو تراب کا
پرنور کیون نہ ہو یہ بزم نبی و امام مین
وہ نور کا یہ نور ہے جنکے کلام مین

۵۲

پیرایۂ نظم مین یہ مضمون ہی اور ہے
یہ صاف و پاک حسن کا جوبن ہی اور ہے
یہ جوہر ادیہ در مکنون ہی اور ہے
یہ اوج کچھ ہے اور یہ گردون ہی اور ہے
حرفون کو دیکھئے تو ضیا بار ماہ سے ہین
ہر لفظ جس کا ہار ہے نقطے ستارے ہین

۵۳

فضل ہے سب ہے وہ فضیلت اسی مین ہے
کرسی کا پایہ عرش کی شوکت اسی مین ہے
چرخ برین کی پست وہ رفعت اسی مین ہے
شان خداے پاک کی رحمت اسی مین ہے
دل واصفون کے محو ہین اس ذوق و شوق پر
پھر اسکو کیون نہ فوق ہو عالم کے فوق پر

۵۴

نعت سخن ہے خسرو ارض نجف کا ذکر
ہونا جلیل کے اعلی خلف کا ذکر
لطف صمد ہو ان کے وقار و شرف کا ذکر
بے انکا ذکر کل نبی با سلف کا ذکر
قرآن ناطق اسم شہ نامدار ہے
ذکر انکا ذکر مصحف پروردگار ہے

۵۵

رتبون کو ان کے وحی کے حامل سے پوچھیے
ان کی فضیلتین کسی عادل سی پوچھیے
ان کے شرف ملایک کے دل سی پوچھیے
یہ منزلت فلک کی منازل سے پوچھیے
سب نور اون کی نور کی نسبت سے ماند ہین
اوترا ہے جن کے گھر مین ستارا وہ چاند ہین

۵۶

نازان نکیون ہون انکی غلامی پہ ہم غلام
جو کل کا پیشوا ہی دیا حق نے وہ امام
ہے زیب عرش رب علا جن ہی کا نام
لبریز جن کے بادۂ الفت سے دل کے جام
ہم لوگ حق شناس ہین اور حق پرست ہین
جب ہو حب ساقی کوثر سے مست ہین

۵۷

رغبت ہے طاہرون کو شراب طہور سے
بہتر کوئی سرور نہین اس سرور سے
ہے شوق اس پری کا سوا وصل حور سے
ہین آفتاب دل مے عرفان کے نور سے
سرشار نشہ عشق امام ازل مین ہے
جس مین یہ مے بھری ہے وہ شیشہ بغل مین ہے

۵۸

عاشق ہین دل سی شاہ رسل کے وزیر کے
دم بھرتے ہین عشق جناب امیر کے
اس سر کے آگے تاج ہین شہ و بشیر کے
کاسے لیے ہین بادۂ خم غدیر کے
ہے طرفہ یہ کہ مست بھی ہین ہوشیار بھی
زاہد بھی اوس کے فضل سی ہین بادہ نوش بھی

۹

رطب اللسان ہون مین بھی ثنائے جناب مین
ہے تازگی مرے سخن لاجواب مین،
حاصل غلام کو بھی ہے شرکت ثواب مین
محشر مین ہونگا مین بھی علی کی رکاب مین
وان اوراوج ہوئیگا اس خاکسار کا،
یعنی کہ خاک پا ہون مین دلدل سوار کا

۱۰

پیتے ہے اور جام لبالب ہمارا اور
ایمان ہمارا اور ہے مذہب ہمارا اور
مقصد ہمارا اور ہے مطلب ہمارا اور
ساقی ہمارا اور ہے مشرب ہمارا اور
حاصل ہی لطف زیست مین جنت کے سیر کا
جیبن بھرا ہوا ہے مزہ تشیّع کا

۱۱

دل اس شراب سے بھرتا نہین کبھی
مطلق کمی اثر مین یہ کرتا نہین کبھی
اس جام کا غریق ابھرتا نہین کبھی
پی تشنہ وہ ہے جو کہ اوترتا نہین کبھی
اس نشہ کی ہے بسکہ سرایت سرشت مین
پیتے ہی لیکے جائے گا باغ بہشت مین

۱۲

لکھتا ہون جوش مین جو مناقب جناب کے
کرتے ہین باغ خلد سے مژدے ثواب کے
پر نور لفظ ہین سخن لاجواب کے
حرفون کے دائرے ہین کٹورے گلاب کے
کلیان کھلی ہین مدح وصی رسول کی
بو آرہی ہے باغ امامت کے پھول کی

۱۳

یہ انجمن کچھ اور ہے یہ دور اور ہے
موزونیت یہ طبع کی فی الفور اور ہے
یہ فکر صائب اور ہے یہ غور اور ہے
یہ رنگ نظم اور ہے یہ طور اور ہے
دونوں جہان سے افضل و بہتر کا ذکر ہے
اس تذکرے میں آل پیمبر کا ذکر ہے

۱۴

تازہ ہے روح و دل کو بھی عجب انبساط ہے
ہے جا بجا شوق اوس سے پس ارتباط ہے
یہ سطور ہے کہ خوشی کی صراط ہے
کاغذ کا ہے ورق کہ بساط نشاط ہے
خالی جگہ کی سمجھا ہوں اک ایک بات کو
صحبت ہے گرم لیلیٰ مضموں سے رات کو

۱۵

لیکن مناقب اسد اللہ کیا لکھوں
دستِ خدا کہ بازوئے خیبر اور لکھوں
سلطانِ دین کہ خسرو ارض و سما لکھوں
معجز نما کہ خلق کا مشکل کشا لکھوں
حیران ہیں جن و انس و ملک جنکی مدح میں
عاجز ہیں ساکنانِ فلک جنکی مدح میں

۱۶

کیا مرتضیٰ کی شان ہے کیا باوقار اسم
سو حل ہوں مشکلیں جو پڑھے ایکبار اسم
عالی وہ ہے کہ جسکا رکھے کردگار اسم
چھپتے ہیں نام اور بھی لیل و نہار اسم
انکی ولا حیات کی لذت دکھا گئی
جب یا علی زبان سے کہا جان آ گئی

۵۱۷

احمد حبیبِ حق ہے حبیبِ رسولِ حق
ذی فضل پیشوائے امم خیر ما سبق
استاد وہ کہ روح امین کو دیا سبق
پھر کیوں نہ ہو یہ عالمِ ما بعد و ما سبق
تعلیم یافتہ ہیں رسالت پناہ کے
عالم ہیں یہ جمیع علومِ الٰہ کے

۵۱۸

لطفِ خدا عطائے خدا صفوتِ خدا
نورِ خدا حجابِ خدا حجتِ خدا
حلمِ خدا صفیِ خدا حکمتِ خدا
علمِ خدا رضائے خدا رحمتِ خدا
کیونکر نہ سب پہ فوق امیرِ عرب کو ہو
رتبوں پہ جب علی کے مباہات رب کو ہو

۵۱۹

حبل المتین حصنِ حصینِ آبروئے دین
مختارِ سلسبیل کے ساقیِ مومنین
علم الیقین محافظِ پیغمبرِ مبین
کہف الانام باعثِ آبادیِ زمین
حاجت روا بھی حامیِ برنا و پیر بھی
عالم کے بادشاہ نبی کے وزیر بھی

۵۲۰

دریا و کوہ و دشت و نباتات و کل شجر
اک ایک شاخ و برگ و گل و غنچہ و ثمر
مہر و مہ و سپہر و جمادات خشک و تر
بالا و پست و انجم و ذراتِ بحر و بر
پوچھیں بشر جو آپ کے کل کائنات سے
آئے علی علی کی صدا شش جہات سے

۵۲۱

جتنے نبی خدا نے اوتارے گواہ ہین
جتنے ہین آسمان پہ تارے گواہ ہین
جتنے شجر زمین پہ ہین سارے گواہ ہین
پتھر سے بھی نکل کے شرارے گواہ ہین
سب یک زبان ہون نور خدا بوتراب ہین
ذرّے بھی بول اٹھین کہ علی آفتاب ہین

۵۲۲

فیاض بھی ہین محسن اہل جہان بھی ہین
مانند آفتاب عیان بھی نہان بھی ہین
شیعون پہ اپنے مثل پدر مہربان بھی ہین
یان بھی ہین سرپرست مددگار وان بھی ہین
ہنگام نزع بھی تشریف لاتے ہین
ایذا سے قبر مین بھی بچانے کو آتے ہین

۵۲۳

مکی و ہاشمی و تہامی و ابطحی
مولا و مقتدی و مصلی و متقی
ہادی سخی و تقی و نقی و ذکی و لی
غطریف و صدق و صدق و صدیق و ورعی
معجز بیان بھی ہین فصیح البیان بھی ہین
قرآن حق بھی خود ہین خدا کی زبان بھی ہین

۵۲۴

گیارہ پسر بھی آپ کے ہین صاحب کرم
ذی فیض و ذی مناقب و ذی جاہ و ذی حشم
جان بتول دلبر پیغمبر امم
نور الٰہ مثل علی صاحب کرم
ارکان دین و شرع رسول انام ہین
یہ سب خدا کی طرف سے امام ہین

۲۵

اب سنئے وصف و منقبتِ دلبرِ حسین
زہرا و مرتضیٰ و محمد کے نورِ عین
پشت و پناہِ خلق مددگارِ مشرقین
ہے جن کا ذکر محفلِ عالم کے دل کا چین
عالی نسب ہین لال خدا کے ولی ہین
کافی ہے یہ شرف کہ نواسے نبی کے ہین

۲۶

ذیجاہ و شاہزادۂ میکال و جبرئیل
مختارِ خلد مالکِ تسنیم و سلسبیل
شوکت مین و دبدبہ مین سلیمان بے عدیل
خلقت مین حسن مین صفتِ یوسف و خلیل
صبر و رضا مین حضرتِ ایوب سے سوا
ہجرِ پسر کے داغ مین یعقوب سے سوا

۲۷

علم و جمال و خلق مین مثلِ شہِ عرب
گردون پہ جنکے نور سے ہین مستفیض سب
مہتابِ آسمانِ شرف شمسی نسب
کرسی کی زیب و کرسیِ عرشِ رب
کونین کی بنا ہوئی ان کے ظہور سے
روشن ہین گھر بہشت کے انکے نور سے

۲۸

یہ وہ حسین ہین کہ ولا جن کی فرضِ عین
جنکا تمام خلق پہ احسان ہین وہ حسین
یہ وہ ہین جن کے غم مین بکا آخرت کا چین
یہ وہ ہین جنکو روتے ہین ذی روح مشرقین
رحم آجکل نصیب نہ کوئی مدد ملی
جن کو نہ کربلا مین کئی دن لحد ملی

۲۹

احمد نے جن کو گود میں پالا ہے وہ حسینؑ
دونوں جہان میں جنکا اوجالا ہے وہ حسینؑ
اعدا نے جن کو گھر سے نکالا ہے وہ حسینؑ
غم جنکا تا بہ عالم بالا ہے وہ حسینؑ
مشغول گریہ رات کو ہیں دن کو روتے ہیں
سارے مقربان خدا جنکو روتے ہیں

۳۰

جو فاطمہ کی آنکھوں کا تارا ہے وہ حسینؑ
رب جلیل کو بھی جو پیارا ہے وہ حسینؑ
بخشش کا جو ہماری سہارا ہے وہ حسینؑ
پیاسا جسے لعینوں نے مارا ہے وہ حسینؑ
یہ جور تو ہوا ہی نہیں اس جور و غدر کی
یہ وہ ہیں جنکی کچھ بھی نہ امت نے قدر کی

۳۱

آتے ہی کربلا میں کیا آب و دانہ بند
گرمی کی بس تو شدت تھی اور پیاس کی گزند
آفت طرح طرح کی اور اک جان مستمند
وان آرہی ہے فوج پہ فوج جفا پسند
ایذا رسانیوں پہ شقی ہیں تلے ہوئے
دریا کے گھاٹ سارے ہیں سب ہی رکے ہوئے

۳۲

یاں لشکر حسین کو سخت اضطراب ہے
مسدود ہے وہ امن و اماں کا جو باب ہے
اب ضبط کی کسی کے نہیں دل کو تاب ہے
اصطبل بادشاہ میں بھی قحط آب ہے
شتر بھی گردنیں سوئے دریا اٹھاتے ہیں
گھوڑے بھی مارے پیاس کے سب ہنہناتے ہیں

۲۳

عاشور کی سحر سے ہوا شور گیر و دار
پیاسے شہید ہو گئے سب شہ کے جاں نثار
پھر گلشن رسول کی آخر ہوئی بہار
یاں تک کہ قتل ہو گئے اکبر سا گلعذار
تنہا بس اب بتول کا نور نگاہ ہے
لشکر ہے نے علم نہ علمدار شاہ ہے

۲۴

فرط عطش سے غیر شہ دیں کا حال ہے
آنکھوں میں اشک درد جگر جی نڈھال ہے
ہجر پسر کا صدمہ و رنج و ملال ہے
گھر سے نکل نہ آئیں بہن یہ خیال ہے
آغوش میں لیے ہوئے مقتل سے آئے ہیں
میت جوان بیٹے کی خیمہ میں لائے ہیں

۲۵

زینب پچھاڑیں کھاتی ہے ماں کرتی ہے بین
قربان تیری لاش کے اے میرے نور عین
لوٹا اجل نے خانۂ سلطان مشرقین
تم چل بسے جہاں سے اکیلے ہوئے حسین
دل بیکس غریب کا توڑا یہ کیا کیا
غربت میں ساتھ باپ کا چھوڑا یہ کیا کیا

۲۶

ماتم کا شور آل شہ بحر و بر میں ہے
لاشہ کے گرد حشر بپا سارے گھر میں ہے
پوشاک تر شہید کی سب خوں بسی بر میں ہے
برچھی کا پھل گڑا ہوا زخم جگر میں ہے
تیغوں سے ٹکڑے ٹکڑے ہیں بازو چھدے ہوئے
رخ پر جمے لہو کے ہیں گیسو بھرے ہوئے

۳۷

اے فدیۂ پدر ترے لاشے کے مین نثار
اے پارۂ جگر ترے لاشے کے مین نثار
اے میرے سیمبر ترے لاشے کے مین نثار
پیارے مرے پسر ترے لاشے کے مین نثار
جان اپنی کھو کے ظلم کے جنگل سے آئے ہو
زخم جگر دکھانے کو مقتل سے آئے ہو

۳۸

امان تمھاری چاندی صورت کے صدقے جائے
ان گوری گوری ہاتھون پہ تیغون کے زخم کھائے
ارمان میرے چرخ نے سب خاک مین ملائے
بن پیاسے ہی جان سے گئے ہائے ہائے
اشکون کی نہریان مری آنکھون سے بہہ گئین
تھین حسرتین جو بیاہ کی سب دل مین رہ گئین

۳۹

ہے ہے مرے مرادون کے پالے یہ کیا ہوا
اے مشک فام گیسوون والے یہ کیا ہوا
سینہ اور ظلم کے بھالے یہ کیا ہوا
پیاسے پہ دودھیہ موتے ڈالے یہ کیا ہوا
سب خون بہہ گیا مرے یوسف جمال کا
چہرہ سفید ہوگیا ہے میرے لال کا

۴۰

تیغ فراق سے مرا ٹکڑے جگر ہوا
دنیا سے کوچ مثل نسیم سحر ہوا
فردوس کے بسانے کو ویران گھر ہوا
مادر کو ساتھ لیکے نہ واری سفر ہوا
خدمت گذار کوئی خدمت نہ لی گئے
ماں کو پھوپھی کو چھوڑ کے تنہا چلے گئے

۴۱

ماتم میں اپنے لال کے زینب کا یہ حال
دنیا سیاہ آنکھوں میں ہے اور کھلے ہیں بال
لاشے کے گرد پھرتی ہیں باصد غم و ملال
تکتی ہیں گاہ چہرۂ مجروح خوش خصال
گاہے بلائیں لے کے آنسو بہاتی ہیں
گر اُٹھ کے بیٹھتی ہیں کبھی بیٹھ جاتی ہیں

۴۲

نوحہ یہ ہے کہ ہائے مرے نوجوان پسر
اے میرے لالہ رخ مرے غنچہ دہان پسر
اے میرے کم سخن مرے آرام جان پسر
اے میرے خوش مزاج مرے خوش بیان پسر
جیتی رہی ہیں اور یہ آفت گذر گئی
تم مر گئے پھوپھی نہ بلا لے کے مر گئی

۴۳

آئی خزاں چمن میں شہ خوش خصال کے
ہے ہے بدن میں جان نہیں میرے لال کے
کچھ ماہ کم تھے سن میں میرے نونہال کے
پورے بھی تو ہوئے نہ تھے اٹھارہ سال کے
آغاز میں شباب کے عازم سفر ہوئے
بھیگی نہیں مسیں کہ یہ لب خون میں تر ہوئے

۴۴

ہے ہے شبیہ احمد مختار مر گیا
ہے ہے مرا پسر مرا دلدار مر گیا
بھائی کا میرے ہائے مددگار مر گیا
لشکر تمام ہو گیا سالار مر گیا
ہے ہے شکار موت کا یہ شیر ہو گیا
گھر کا چراغ بجھ گیا اندھیر ہو گیا

۴۵

بھائی سے پھر یہ کہنے لگی وہ اسیر غم
کچھ کی تھی اس پسر نے وصیت بھی وقت دم
فرمایا ہاں یہ مجھ سے کہا تھا بچشم نم
باہر نہ نکلیں گھر سے پھوپھی با شہ امم
بیٹھیں نہ میرے غم میں آہ و بکا کریں
جینے کی اپنے بھائی کی حق سے دعا کریں

۴۶

رونے لگے یہ سنکے شہنشاہ کربلا
اکبر کا ماتم اور زیادہ ہوا بپا
دیکھی جو غیر حالت ناموس مصطفیٰ
میت پسر کی لیکے گئے باہر شہ ہدا
ٹکڑے جگر تھا غم میں جو اور سرور زمن کے
گھر سے حرم نکل پڑے پیچھے حسین کے

۴۷

لاشہ لٹا کے خیمہ میں آئے جو شاہ دین
زینب سے رو کے کہنے لگے با دل حزین
بھائی رہا جہان میں نے اکبر حسین ع
ٹوٹی کمر حسین کی اب آس کچھ نہیں
جینے کا اب مزہ نہ رہا مرنے جاتے ہیں
وعدہ خدا سے اپنا وفا کرنے جاتے ہیں

۴۸

فرما کے یہ جو آپ نے دیکھا ادھر ادھر
لشکر ہے نے علم نہ علمدار خوش سیر
بیٹے بھتیجے بھانجے سب کر گئے سفر
سوتے ہیں قتل گاہ میں سب خون میں لپٹے تر
اڑتی ہے خاک گھر میں کوئی مہ لقا نہیں
جز بیکسی کے پاس کوئی باوفا نہیں

۲۴۹

پھر رو کے یہ بہن سے کہا آؤ اے بہن
مظلوم کے گلے سے لپٹ جاؤ اے بہن
رو رو کے اپنے بھائی کو تڑپاؤ اے بہن
ہے موت عنقریب کفن لاؤ اے بہن
مسند رسول حق کی الٹ لے تو روئیو
پیاسا یہ حلق تیغ سے کٹ لے تو روئیو

۲۵۰

سونپا تمھیں خدا و پیمبر کو اے بہن
لٹنے دو حق کی راہ میں سب گھر کو اے بہن
للہ تھام لو دل مضطر کو اے بہن
رخصت کرو غریب برادر کو اے بہن
اب نانا جان یہاں مرے لینے کو آئیں گے
اکبر جہاں گئے ہیں وہیں ہم بھی جائیں گے

۲۵۱

منظور حق جو ہے اوسے کرتا ہوں میں ادا
ہونے دو ہم کو نانا کی امت پہ تم فدا
بچنے کا اب میں بس نہیں جو مرضی خدا
تقدیر میں یہی تھا کہ ہم تم سے ہوں جدا
کیا فائدہ ہزار جو آہ و بکا کریں
اس کے سوا ہو غم تو بجز صبر کیا کریں

۲۵۲

اک دن وہ تھا کہ نانا کی آغوش میں پلے
بابا بہت خوش ہوئے جب پاؤں سے چلے
کس پیار سے لگاتی تھیں اماں ہمیں گلے
ہے آج دن وہ جاتے ہیں تلواروں کے تلے
دشت بلا میں آ کے ہوا یوں بری چلی
چوما جسے رسول نے اوس پر چھری چلی

۵۳

نانا کو اپنے آج کدھر ڈھونڈھنے کو جائیں
بابا کہاں ہیں جنکو مدد کے لیے بلائیں
بھائی حسنؑ نہیں ہیں جو بھائی کو چھڑا جائیں
اماں نہیں جو اپنی ردا میں ہمیں چھپائیں
باقی ہوں میں سو خنجر و شمشیر کے لیے
کیا بیکسی کی موت ہے شبیر کے لیے

۵۴

شہ نے بحال یاس بہن سے جو یہ کہا
اوٹھا حرم میں غلغلۂ نالہ و بکا
پاس آکے پیٹنے لگی ناموس مصطفیٰ
بچوں نے بڑھ کے تھام لیا دامن قبا
بالی سکینہ شہ کے قدم سے لپٹ گئی
زینبؑ گلے سے بھائی کے آ کر چمٹ گئی

۵۵

غل تھا کہ اپنے لال کو یا فاطمہ بچاؤ
مرتے حسین جاتے ہیں جنت سے جلد آؤ
چلاتی تھی بہن کہ نہ داغ اپنا تم دکھاؤ
صدقے اتارو مجھکو پیارے تو رن میں جاؤ
سب مر چکے اور لٹ گئی تقدیر کیا کروں
بھیا تمہیں بچانے کی تدبیر کیا کروں

۵۶

بعد آپکے لٹے گا یہ گھر وا مصیبتا
رانڈوں کی کون لیگا خبر وا مصیبتا
بے میرے تم کرو گے سفر وا مصیبتا
چھٹ جائیگی یہ خستہ جگر وا مصیبتا
وا غربتا نصیب میں تم سے جدائی تھی
یثرب سے قید ہونے کی خاطر میں آئی تھی

۲۵۷

روئے بہن کے رونے سے شبیرؔ تشنہ کام
آخر بہن کو چھوڑ کے نکلے جب امام
فریاد اہلبیت سے ہلنے لگے خیام
ڈیوڑھی تک آکے اشک فشاں خوش خرام
برپا تھا حشر رخصت شاہ ہدا نہ تھی
رانڈیں تھیں ننگے پاؤں سروں پر ردا نہ تھی

۲۵۸

شق ہوں جگر جو حال ہو اس وقت کا بیان
قبل از وقوع واقعہ ہوتا تھا یہ گمان
نکلے کسی جنازے کے پیچھے بصد فغان
سر کھولے بیٹیاں چلی جاتی ہیں بیبیان
جانکاہ تھا فراق شہ مشرقین کا
تھا شور صحن خانہ میں ہے ہے حسین کا

۲۵۹

گھر سے نکل کے رخش پہ حضرت ہوئے سوار
پہونچا فلک پہ نور رخ شاہ نامدار
دوش نبی پہ رکھ کے ید اللہ کی ذوالفقار
کی منعطف عنان طرف دشت کارزار
جانے کی راہ رشک رہ کہکشان بنی
ذرے بنے ستارے زمین آسمان بنی

۲۶۰

وہ اک طرارے بھر کے ادھر باد پا اوڑا
وہ اک قدم پری کی طرح دھر کر اوڑا
بجلی سے تیز ابر فلک سے سوا اوڑا
جوں طائر نگاہ وہ رشک صبا اوڑا
سرعت کا اوسکی حشر تلک نام رہ گیا
رخش نسیم صبح کئی گام رہ گیا

٦١

جاتا ہے سر اوٹھائے ہوئے دم چھوڑ کے
طاؤس جیسے جائے بلند اپنے پر سے
ہے جس طرف کو فوج یہ رخ ہی ادھر کے
آفت ہے بچ کے جائے کوئی سینہ سپر کے
غازی ہے تیز ہوش ہے جرأت شعار ہے
رن پر چڑھا ہوا ہے عجب راہوار ہے

٦٢

آج اور اوج پاؤں یہی اشتیاق ہے
مشتاق دوڑنے میں ہی اوڑنے میں طاق ہے
سمل اوسکو طے گنبد نیلی رواق ہے
اصطبل کا نبی کے یہ رشک براق ہے
گردوں پہ لے گیا ہے رسالت مآب کو
تھاما ہے جبرئیل نے جسکی رکاب کو

٦٣

پیدا ہے رخ سے آپکے اقبال مصطفیٰ
رعب و جلال و شوکت و اجلال مصطفیٰ
آئینہ جمال ہے تمثال مصطفیٰ
غل چار سو ہے صل علیٰ آل مصطفیٰ
یوں ضو فلک پہ جاتی ہے روئے جناب کی
جیسے زمین پہ آئے ضیا آفتاب کی

٦٤

ہے فرق آسمان وزمین کا عیان اگر
پستی پہ اوسکی ضو سے ضیا اسکی عرش پر
نور خدا ہیں برج امامت کے ہیں گہر
کرسی و عرش جن کی تجلی سے جلوہ گر
ساتوں فلک سے اوج دوبالا انھیں کا ہے
آٹھوں بہشت میں بھی اوجالا انھیں کا ہے

۶۵

پہونچے مصاف گاہ مین یون شاہ خوش خصال
جس طرح جنگ بدر مین ضرغام ذوالجلال
دیکھا جو سوئے فوج عدو شیر کی مثال
پیچھے ہٹے یلان قوی صورت شغال
ڈر کر یاد گان بد اطوار گر پڑے
بھڑکے فرس کچھ ایسے کہ اسوار گر پڑے

۶۶

قبضہ پکڑ کے تیغ کا حضرت نے دی صدا
آیا خلف علی کا خبردار ہو ذرا
دعویٰ جسے وغا کا ہو نکلے پئے وغا
مین وہ جری ہون جس کا پدر شاہ لافتا
جو منچلا ہو جرأت و ہمت دکھائے وہ
جو قابل مقابلہ ہو پہلے آئے وہ

۶۷

ہم کو وغا کے رہتے ہین بچپن سے ولولے
لاکھون سے معرکے مین کبھی ہم ہٹے نہ ٹلے
بڑھتے گئے ہین لینے دم جنگ لوے
جس جا بڑے سے نیمچہ ہم اون چلے
ہٹنے لگے ابھی سے تمھین دہشت ایسی ہے
بے جنگ گر ہٹے تو یہ افتاد کیسی ہے

۶۸

ہم وہ ہین جس نے جوہر مردانگی دکھائے
ہم وہ قوی ہین مرحب سرکش کا سر جدا کرے
تم کیا بڑون بڑون نے لڑائی سے منھ پھرے
ہم وہ نہین جو حرب مین جا جا کے بھاگ آئے
کرار ہم ہین لاکھون سے ڈرتے نہین کبھی
فرار معرکے مین ٹھہرتے نہین کبھی

وزیر

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

بیگم

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

ملکہ

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

بیگم

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مطلع

چشت نامہ گر جگا اب جی بت جس
رطنا نیں نہ سے بین سو کہیں اب تو سر ا نقش
سوری لگا اندو سو کہ ارت ہیں یو بہوان نقار
کہا اس جہاں بیں یو سو بجہ کہ جانب
باجز تہ ہمیں ہیں اچپل اب سے اہو ایلال
کہ سلا دوں تو ات ا سنوں وا بجا لال

مطلع

الاینی سر کریتی کا منزہ آو دکہہ
یاد ابن کلا مد و چرا و جہاں آو دکہہ
نا قرن بین ازو اد دست تھا آو دکہہ
ات ان صر ابتی وا لقار ذرا آو دکہہ
تی دوان نو سر اتی تو بہا سا نقش ا ینیں
سب لب سنا ہم او دتا سا بجہا نقش نینیں

مطلع

ضرنا نام ابسا کی جرسا کی صوت دیتا کہا و
نو جین ا وا لبت بیان نقش دیتا کہا و
بالو دی بہائی کی جاو وہ جبرات دکہا و
یکین بین زدوا اب سب بین تن نیا کہا و
الا کہون سے سا بیز ینیں ترنا
ہمپا ہیا کا صر سعا وتا ازد نا ین

مطلع

یبن سے طبل جنگ بجا و بچن بین ادو
تہمی صوت اند وبیا کر سے ہو رت ووا
ادا آیک بس دو دن سے کیا تنا آ کند
کنا تیر بہو نال صدا او کہ ا کنار
ا تا ارجن کرہی ہمیشہ عیان نقش صدا
نو ایک بہا کہ بیان سا دو بے

۵۸

آتش فشانیوں نے دم ذوالفقار کی
بھڑکا دی آگ واں غضب کردگار کی
آفت تھی آنچ تیغ شہ نامدار کی
دوزخ کا ہمسر شکل تھی ہر تابکار کی
پایا مفر نہ ایک رجیم و لئیم نے
واں پھر جلے ہوؤں کو جلایا جحیم نے

۵۹

رن میں ہوئی جو آتش پیکار شعلہ بار
اوڑھکر دخان مشعل سوزاں بنا غبار
ہر سنگ پارہ ہو گیا انگارہ ایک بار
ڈھل گیا نقرہ کا پٹا فوج نابکار
مرکب بھی ناریوں کے تن کی جلن گئی
گلگوں زمیں کی خاک ہوا آگ بن گئی

۶۰

تیغیں کھنچیں سپاہ مخالف میں ایکبار
پیدل پسارے تو میں سر پہ بڑھے سوار
لی میاں سے حسین نے حیدر کی ذوالفقار
آگے بڑھا سمند چلی تیغ شعلہ بار
سب ال میں ولولے صف اول کے رہ گئے
بجلی گری صفوں پہ جب جل کے رہ گئے

۶۱

وہ فوج کا ہجوم کہ اللہ کی پناہ
وہ قتل شہ کی دھوم کہ اللہ کی پناہ
وہ ظلم و ظلوم کہ اللہ کی پناہ
وہ موذیان شوم کہ اللہ کی پناہ
ہر صف بڑھی جنود یزیدی کی اسطرح
موج آگے پیچھے آئے سمندر کی جسطرح

۵۸۱

جس غول پر وہ تیغ شرر بار چل گئی
ثابت ہوا کہ برق تڑپ کر نکل گئی
سر پر کسی کے جب دم جنگ و جدل گئی
تن میں در آکے موت کی ہستی بدل گئی
سمجھا نہ قہر سرور گردوں سریر کو
بدلا ملا یہ ظلم کا آخر شریر کو

۵۸۲

جب تیغ اوٹھا کے آپ نے چھیڑا سمند کو
پستی دکھائی فوج کے ہر سربلند کو
کاٹا ہر ایک خود سر و خود پسند کو
حلقے زرہ کے چھوٹے نہ دام کمند کو
بیدرد ریسمان ہلاکت میں پھنس گئے
پھیلا کے جال مکر کا آفت میں پھنس گئے

۵۸۳

نکلے تھے بھاگنے کے لیے بد شعار سمت
پاتے نہ تھے امان کی مگر نابکار سمت
بچنے کی اپنے ڈھونڈھتے تھے بار بار سمت
چھایا تھا مثل ابر سیہ خوف چار سمت
تر ہیں لہو میں امن کی خاطر ترستے ہیں
جائیں کدھر بڑھا کے قدم سر برستے ہیں

۵۸۴

جنگی پرے سپاہ کے ڈر ڈر کے ہٹ گئے
رہوار اپنی پشت ادھر کر کے ہٹ گئے
ناری جوان فوج ستمگر کے ہٹ گئے
چہرے پہ روسیہ سپر دھر کے ہٹ گئے
اندھیر ہے نظر میں یہ حال تباہ ہے
بے دین سیاہ کاروں کو روز سیاہ ہے

۵۸۲

لشکر اُلٹ پلٹ ہے تلاطم ہے اک عیاں
فرطِ ہراس سے ہیں پیادے رواں دواں
گھوڑے بھڑک بھڑک کے تڑانے لگے عنان
جمتی نہ تھیں اُکھڑ کے سواروں کی ایڑیاں
جس طرف گئے تو ادھر مرگھٹ میں دھنس گئے
کٹتے مع سوار زمیں پر وہ دھس گئے

۵۸۴

جس صف پہ غیظ میں صفتِ شیر نر گئے
میدانِ جدال و جنگ کو لاشوں سے بھر گئے
بے سر کیا اسے اُسے بے دست کر گئے
گھبرا اجل کے دور سے جن غول پر گئے
داخل حصارِ قبر میں جلاد ہو گئے
جتنے ہوا پرست تھے برباد ہو گئے

۵۸۶

رہ رہ کے بُجھے جاتے تھے رن میں چراغِ زیست
کھلتے تھے پھول زخموں کے لُٹتا تھا باغِ زیست
تھا موت کو ہر ایک کے پے میں سراغِ زیست
لبریز ہو گیا تھا ہر اک کا ایاغِ زیست
کہتی تھی تیغ خونیں نہ کیوں دم بدم بھرو
بہتر ہے اور الفتِ دنیا کا دم بھرو

۵۸۹

برباد سب جہان کے کاشانے ہو گئے
سر تن سے گردنوں سے الگ شانے ہو گئے
کٹ کر جدا کلائی سے دستانے ہو گئے
گلیوں میں فوجِ کفر کے ویرانے ہو گئے
میدان تھا صاف دور ہٹے خود پسند تھے
رستے وہ کھل گئے جو کئی دن سے بند تھے

۵۸۹

بے زین سمند دوڑتے پھرتے تھے جابجا
لاشے کچلتے جاتے ہین اک حشر ہے بپا
گھوڑون کی ٹھوکرون مین ہین سرہاے اشقیا
ہے گرد برد سب حشم لشکر جفا
چھایا ہے اک غبار زبردست زیر ہین
مُردے پڑے ہین زمین پہ وہ مٹی کے ڈھیر ہین

۵۹۰

لہرا کے چرخ طرف گئی وہ تیغ جانستان
کاٹا سرون کو صورت افعی بے زبان
قہر و غضب کا منھ تو زبان تھی بلاے جان
چھینٹین تھین آب زہر کی جوہر تھے عیان
غل تھا اب اس سے ہمکو مجال مفر نہین
مار دہن کشادہ ہے تیغ دوسر نہین

۵۹۱

دو کر کے گاہ ساعد و بازو نکل گئی
گہ پہلوان کے کاٹ کے پہلو نکل گئی
جب چاک کر کے سینہ بہر سو نکل گئی
مجروح ہو کے روح جفا جو نکل گئی
دشمن تھی کافرون کی بھی اہل حسد کی بھی
در پے تھی جان کی بھی عدو کے جسد کی بھی

۵۹۲

اوتری تھی چرخ سے شہ مردان کیواسطے
قبضہ تھا قہر قتل کے میدان کیواسطے
آفت تھی بارہ منکر ایمان کیواسطے
نشتر تھی اوسکی نوک رگ جان کیواسطے
خون ریز اہل بدعت و کفر و عناد تھی
سب حکمت اوسکو خون بہانے کی یاد تھی

۹۳

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۴

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۵

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۶

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۷

قتال وہ کہ قتل سے جسکا نہ جی بھرے
جلاد وہ کہ موت جہان آکے سر دھرے
فتنوں نے فساد سے نہ حشر سے ڈرے
یہ تیغ وہ ہے خود جو قیامت بپا کرے
دستِ علی سے جب یہ چلی کب رکی ہے یہ
سو بار آپ حشر بپا کر چکی ہے یہ

۹۸

مارا ہوا نے اوس کی جدھر سن سے آگئی
ڈہالون پہ پھول برچھیون کے پھل گرا گئی
ہر گرز گاو سر کو نوالہ بنا گئی
گردہ سپر کا خود کے ہمراہ کھا گئی
خالی شکم تھی قتل کی اعدا کے بھوکی تھی
منہ خشک اس لئے تھا کہ پیاسی لہو کی تھی

۹۹

جلوہ دکھا کے مثل پری جان لے گئی
دل لے گئی ہزاروں کے ایمان لے گئی
نصرت کو اپنے ساتھ وہ ہر آن لے گئی
دیکر شکست فوج کی سب شان لے گئی
پستی پہ اوج کفر کا یکبار آگیا
اقبال پر سپاہ کے ادبار آگیا

۱۰۰

تھا مد بسملہ قد تیغ شہ زمان
یا سطر تھی وہ نصر کے سورہ کی بے گمان
آیت تھی یا کہ فتح کے لشکر کے درمیان
حرف مقطعات تھے جو ہر نہ تھے عیان
بھیجی ہوئی رسول کو خالق کی تیغ تھی
اعلیٰ نہ کیوں ہو مصحف ناطق کی تیغ تھی

۱۰۱

کرتی تھی حق سے رنگ کو باطل کے وہ جدا
رکھتے تھے اوسکو دوست بہت سرور ہدیٰ
کی ہر جہاد میں مدد ضیغم خدا
تھا پشت پر بخط جلی یا علی لکھا
اوتری تھی چرخ سے پئے مشکل کشا وہ تیغ
خونخوار تھی باکمال تھی اور باوفا وہ تیغ

۱۰۲

لڑتے ہیں اب حسینؑ اوسی ذوالفقار سے
کٹتی ہے دو ہزار سے نے دو ہزار سے
ڈر ڈر کے بھاگتے ہیں لعین کارزار سے
الامان کا شور ہے اس گیر ودار سے
یعنی بلا سے جان بچی لشکر یہ تیغ ہے
سر پیٹتے ہیں اس سے کہ ان کے سر پہ تیغ ہے

۱۰۳

نعروں سے ہل رہی تھی زمین کی ہر طرف
تھا ہمہمہ کہ ہمہمۂ ضیغم نجف
خاموش تھے لڑائی کے باجے میان صف
تھا رعب شاہ سے سرد آواز جنگ و دف
شہنا نواز کون سا گنگ و رخم نہ تھا
دہلے ہوئے دہل تھے دماموں میں دم نہ تھا

۱۰۴

پھرتا تھا مطمئن فرس تیز گام شاہ
حربوں کا اوسکو خوف نہ کچھ دہشت سپاہ
ہے خون سے لالہ رنگ جب خاک قتل گاہ
گہ اس طرف نظر ہے کبھی اوس طرف نگاہ
شہ نے کیا ہے پست جو اعدا کی اوج کو
آقا کو دیکھتا ہے کبھی گاہ فوج کو

۱۰۵

چل پھرکے اوسکی ہوش سوارون کے بھی ہین گم
اوڑتا ہے جب تو اون کے سر آتے ہین زیر سم
گردن ہر اوٹھی یال ہے برہم چنور ہے دم
کہتا یہ ہے کہ روک سکوگے نہ مجکو تم
وحشی ہے ہر قدم کو ذرا بڑھ کے ٹوک لو
بجلی اگر رکی ہو تو مجکو بھی روک لو

۱۰۶

کیا اسپ تیزگام ہے کیا خوش خرام ہے
پامال اس کے پھرنے سے لشکر تمام ہے
مانند تیغ دشمن افواج شام ہے
ہر نعل پا اوٹھی ہوئی گویا حسام ہے
زخمی جو گرتے ہین پیہم بد معاش کے
ٹکڑے سمون سے کرتا ہے اک اک لاش کے

۱۰۷

دشوار ہے ثنائے سمند شہ امم
کہیے ہوا تو اوسکو یہ سرعت کہان بہم
بجلی کہین تو اوس سے وہ جولان گری مین کم
تھم جاتی ہے وہ اس کے ٹھہرتے نہین قدم
کہیے اسے اگر کہ روانی مین نہر ہے
گرتا ہے وہ زمین پہ یہ گردون سپہر ہے

۱۰۸

ابر رواں کہین تیر یہ اوس مین کمان شتاب
دوش ہوا پہ چلتا ہے وہ جیسے سرآب
گر طیر تیز پر کا اسے دیجیے خطاب
رکتا ہے تھک کے وہ نہین رکتا یہ خوش رکاب
آہو سے بھی زیادہ وہ دم جست و خیز ہے
سو حصہ یہ عقاب سے اوڑنے مین تیز ہے

١٠٩

آگے سبک روی کے نسیم سحر ہے کیا
سرعت مین اس کے سامنے شمس و قمر ہے کیا
دے اس کا ساتھ مرغ تصور جگر ہے کیا
پائے نہ اسکو دوڑ کے پیک نظر ہے کیا
راکب کے لب پہ تھی کہ جلدی روانہ ہے
اس کے لئے دہن کی ہوا تازیانہ ہے

١١٠

سیارہ مثل کوکب گردون جہان مسیر
وہ نرم چال جس سے خجل نرمیٔ حریر
کاٹے مین بیمثال تگ و دو مین بینظیر
حیرت مین جسکی گنگ ہے آسمان پیر
جس سمت شہسوار نے دیکھا روانہ ہے
اسکو اشارہ آنکھ کا بس تازیانہ ہے

١١١

لاغر میان غزال سرین تند و سربلند
خوشرو دراز گیسو و خوش چشم ارجمند
وہ پیش پس وہ حسن سراپا وہ جوڑ بند
جھیلے ہوئے لڑائیان غازی و وغا پسند
گرمائے جس طرف اوسے پھیرا روانہ ہے
تیزی نظر کی اوس کیلئے تازیانہ ہے

١١٢

خوش قد سریع سیر دلاور وفا شیم
سمے طول و عرض ارض سب اوس کے یک قدم
جانے کو راہ چرخ برین بھی بہت ہے کم
وقت جہاد تابع اسوار ذی حشم
سنتے ہی لفظ ہان وہ برابر روانہ ہے
راکب کا حکم اوس کیلئے تازیانہ ہے

۱۱۳

رفتار میں ہے کبک جھپٹنے میں شاہباز
دیکھے پری تو اوس کا اوڑ جائے ادا و ناز
پھرتا وہ جھوم جھوم کے ہر سو وہ ترک ناز
جاتا زو تیز فہم و قدم باز و فراز
دیکھا جدہر سوار نے بڑھ کر روانہ ہی
بجلی کی گردش اوسکے لیے تازیانہ ہی

۱۱۴

اسکے طرارے سیکھے آکر اگر غزال
چھل بل میں لاجواب ہو اوڑنے میں بیمثال
مالک کا اپنے دوست عدو گیر خوشخصال
ہر اک قدم ارادۂ آقا کا ہے خیال
دوڑ میں وحید تیزتگی میں یگانہ ہے
ہر نگاہ راکب اوسے تازیانہ ہے

۱۱۵

دونوں کنوتیاں ہیں کہ سوسن کی ہیں کلی
ہیکل بھی اوسکے سینہ پہ لگتی ہے کیا بھلی
نازک مزاج ہے فرس دلبر علی
بے چین ہو گیا جو زیادہ ہوا چلی
جنبش ہوا کو ہوتے ہی فوراً روانہ ہی
تحریک صرصر اوس کے لیے تازیانہ ہی

۱۱۶

دوڑے چمن میں جا کے اگر یہ پری جمال
آئی ہوائے صبح یہ سمجھے ہر اک نہال
مطلق گراں نہ ہو قدم رخش بے مثال
پتی نہ کوئی ہو گل تازہ کی پائمال
گلگون پہ وہ ہے جس کا معرف زمانہ ہی
اوسکو تو نرمئ رگ گل تازیانہ ہی

۱۱۷

نازک مزاج وہ کہ نزاکت ہو خود نثار
چٹکے اگر کلی تو چمک کر ہو بیقرار
رنگین خرام رشکِ صبا غیرتِ بہار
وہ چاہئی کہ نام ہو تجھی کا ناگوار
گلزار مین جو ہو کے یہ گلگون روانہ ہے
اون کو خیال سایۂ گل تازیانہ ہے

۱۱۸

اللہ رے حرب راکبِ دوشِ رسولِ رب
گھوڑے بھگا رہے ہین سواران بے ادب
کٹتے ہین تیغ روک کے پر شاہ تشنہ لب
دیکھی جدالِ دلبرِ شاہنشہِ عرب
تھمائے اب تو بھاگ چلے چھکے پڑ چکا
کیون بدحواس ہوتے ہو شیر اکڑ چکا

۱۱۹

قوت تمھاری دیکھ لی ہمت بھی دیکھ لی
آگے قدم نہ بڑھ سکے جرأت بھی دیکھ لی
بالائے خاک لاشون کی کثرت بھی دیکھ لی
برچھیان بھی دیکھین شجاعت بھی دیکھ لی
پیاسے سے جنگ کی نذر و انعام کیلیے
اب وہ کرو کہ آئے ہو جس کام کے لیے

۱۲۰

موجود سر کٹانے کو یہ تشنہ لب ہے آؤ
تیغین لگاؤ برچھیان مارو تیر لگاؤ
منظور جب قتل ہے ستانا مجھے ستاؤ
بھالے لگا کے خاک پہ رہوار سے گراؤ
ایذا دو روحِ پاکِ رسولِ مجید کو
نیزے پہ رکھ کے بھیجدو یہ سر یزید کو

۱۲۱م

اے شیخ کو یا بال کر دو کھیڑا اوتا دا
ہا میں ارزنی و میں بی گئی اوتا دا
شیخ طلا و قاذر جیدی کر اوتا دا
کن نہ یا میں تیں و مفظ کر اوتا دا
منّی گھی دو دہ تہ میر سے زیتن نیتن
یار ون جو دی یار ون سا و ول لاتی

۱۲۲م

راہ فضا این سیل بد جو بد چہ بو جفا
راہی رضا سے وقی بد پہ بیٹا دو بکرا
اب تا رسول رقی کی بچیا دون تیغین
صبری بچھی بد جو دو کرتی سے رن کی بو جفا
دنیا بہ اے جبین سے طابے کا و تی
اے بیس سے نا نا جان سے کے آئے کا و تی

۱۲۳م

زا جے تو بند بو سے شاہ ہ تنہ کا
سکھی عطاؤن ہیں اسد اسکی جا
یہ توں نہ بود سے بہ بچھے کی انتقا
بیس ال رہی سیاہ و جفا گھرے الی اما
بیا رے صدر سبط رسالت نیاہ ہ
نیتن نیتن نیتین جلے الین بیکناہ ہ

۱۲۴م

دیکھ سانجھ اور نال اون سے دار آہ
ونظرا یہ [illegible] سے نا بچہ آہ
اکھیں عدو اور ایا عزیر البیارہ آہ
بکلیں اور اکوئی بیٹھیں ایکی آہ
بچھی کھیا بد دار اسے تقل بیں پختہ این
نیا لالا میکرون و سکان و تیل تہ سے این

١٢٥

ناوک پہ ناوک آرہے ہیں سن سے ہے غضب
فوارے خوں کے چھوٹتے ہیں تن سے ہے غضب
بھالوں کی نوکیں ملتی ہیں گردن سے ہے غضب
گرتے ہیں کوئی آن میں توسن سے ہے غضب
دم پر بنی ہے ضعف سے غش پر غش آتے ہیں
گرتی ہے برچھی کو کہیں جب کانپ جاتے ہیں

١٢٦

چھاتی پہ اپنی جسکو سلاتے تھے مصطفےٰ
سینہ اوسی کا ظلم کے تیروں سے ہے چھنا
زہرا کی گودیوں میں پلا تھا جو لاڈلا
چلتے ہیں اوس کے پہلوؤں پر نیزہ جفا
کرتا نہیں ترس کوئی زخمی کے حال پر
کیا بیکسی کا وقت ہے زہرا کے لال پر

١٢٧

بے چین ذوالجناح پہ تھے سرور ہدا
جو ایک تیر کین دل پر درد پر لگا
دم رک گیا تڑپ گئے مظلوم کربلا
کھینچا تو وہ نکل نہ سکا وا مصیبتا
ایذا غضب کی پائی شہ مشرقین نے
وہ پشت کی طرف سے نکالا حسین نے

١٢٨

اوبلا لہو تو وہ رخ پر نور پر ملا
فرمایا جاؤں گا میں یونہیں پیش مصطفےٰ
شکوہ کروں گا نانا سے اس ظلم و جور کا
حضرت کا دل رہا ہے مجھے سمجھے نہ اشقیا
یہ دکھ مجھے دکھاتے ہیں فرقے یہ آپکی
مارا ہے بیخطا مجھے امت نے آپ کی

۱۲۹

کہتے تھے یہ کہ حال ہوا آپ کا تغیر
گھوڑے پہ ڈگمگایا علی کا مہ منیر
پشتِ فرس سے گرنے کو ہے خلق کا امیر
روئیں لہو کے آنسوؤں سے اب جوان و پیر
زخمی جو تھا تو گھوڑے بھی پاؤں رک گئے
دہنی طرف پکڑ کے جگر شاہ جھک گئے

۱۳۰

لو وہ سوارِ دوشِ رسولِ مبین گرا
گھوڑے سے شاہزادۂ روح الامین گرا
بالائے خاک زینتِ عرشِ برین گرا
اسلام کا وقار اوٹھا رکنِ دین گرا
ذرّے زمینِ گرم کے تن سے چمٹ گئے
تھے دو ہزار زخم جو کاری وہ پھٹ گئے

۱۳۱

اوس حشر میں جو غور سے زینب نے کی نظر
دیکھا کہ شاہ دیں پہ ہے پسرِ سعدِ خیرہ سر
چلائی دونوں ہاتھ اوٹھا کر وہ نوحہ گر
یہ کس پہ ظلم ہوتا ہے تجھکو نہیں خبر
نازل کہیں نہ قہرِ خدائے مجید ہو
تو دیکھے اور نبی کا نواسہ شہید ہو

۱۳۲

بستر سے دی یہ اتنے میں سجاد نے صدا
دوڑو پھوپھی کہ قہر ہوا وا مصیبتا
سر پیٹنے لگیں تو پکارا وہ مہ لقا
جنت میں پہونچے شاہ جو ہونا تھا ہو چکا
سر کٹ چکا امام غریب الدیار کا
گل ہو چکا چراغ نبی کے مزار کا

۹۳۳

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۳۴

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۳۵

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۹۳۶

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مختصر فہرست نظامی پریس بک ایجنسی لکھنؤ (آہنی پھاٹک)

قرآن مجید
مترجمہ مولانا فرمان علی مرحوم
ہندوستان میں آجتک اتنا عمدہ نفیس خوشنما قرآن مجید چھپا ہی نہ تھا اسی واسطے طبع ہونے سے قبل اوسکی کل جلدیں ختم ہوگئیں چند جلدیں باقی ہیں
ہدیہ مجلد ۳۵ سٹ

المحاسن
مترجمہ مولوی اولاد حیدر فوق بلگرامی
دو روپیہ ۲

خدا سمجھے
مولفہ مولانا سید ظفر مہدی صاحب قبلہ مدیر سہیل یمن
۲

ابوطالب ع
مترجمہ مولانا سید ظفر مہدی صاحب قبلہ مدیر سہیل یمن
۸

قرآن مجید
مترجمہ مولانا فرمان علی علی مقامہ اعلی اللہ
ہمنے رنگین قرآن مجید کے ساتھ اسی پتھر سے سادہ قرآن مجید مترجمہ مولانا فرمان علی مع انڈکس و مقدمہ و تفسیری نوٹ بھی چھاپا ہے کتابت سائز صحت سب وہی ہے
ہدیہ مجلد ۶ء و ۸ء

ذکر الطیار
مولوی اولاد حیدر صاحب فوق بلگرامی
آٹھ آنہ

سبع مثانی
جناب مرزا دبیر صاحب مرحوم کے ۱۴ بہترین صحیح مرثیوں کا مجموعہ
ع

دفتر ماتم
جناب مرزا دبیر کے ۲۵ مرثیوں کا مجموعہ
ع

حیات دبیر
از جناب ثابت لکھنوی
حصہ اول حصہ دوم
ع ۲ء

بوستان رشید
جناب رشید مرحوم کے ۱۲ رباعیات ۵ سلام چھ مرثیوں کا مجموعہ
ع

تکمیل
مولفہ جناب حکیم سید مرتضی حسین صاحب دام ظلہ
جواب علامہ شبلی نعمانی
بہترین کتاب ہے
قیمت للعہ

قاتلان حسین کا حبس دوام
مولانا سید ظفر مہدی مدیر سہیل یمن

جواہر البیان
مصنفہ جناب سلیم صاحب
چہاردہ معصومین کی ولادت و وفات کی دو دو مجلسیں
قیمت ع

فریاد
بیاض نوحہ جات جناب مولانا سید سبط حسن صاحب
۵

ہفت سورہ
مترجمہ مولانا فرمان علی مرحوم
۲ رنگ کے نہایت عمدہ

منیجر نظامی پریس بک ایجنسی لکھنؤ (آہنی پھاٹک)

حال جرأت و شہادت جناب ابوالفضل العباس علیہ الصلوٰۃ والسلام

[illegible]

نمبر ۱۲۹

مصنفہ جناب نفیس صاحب اعلی اللہ مقامہ

مطبوعہ نظامی پریس لکھنؤ

مرثیہ

فروغ ماہ کو جب رات کے سفر سے ہوا
فروغ انجم تابان نہان نظر سے ہوا
تمام دہر منور رخ سحر سے ہوا
ظہور نور مبین شہر و دشت و در سے ہوا
وفور حسن سے چار و طرف ضیا پھیلی
جہان میں روشنی قدرت خدا پھیلی

۲

وہ دور دور ریاض فلک وہ نور سحر
وہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا اور وہ مہر سحر
وہ گلشنوں میں نوا سنجئ طیور سحر
نقاب چہرہ سے الٹے ہوئے وہ حور سحر
وہ نور حسن جو اپنا سماں دکھانے لگا
فلک پہ چاند خجالت سے منہ چھپانے لگا

۳

ہر اک مشام کو خوشبوئے گل بساتی تھی
صبا جب آتی تھی پھولوں میں بس کے جاتی تھی
صفائے صحن چمن خوبیاں دکھاتی تھی
دلوں کو دید میں تازہ بہار لاتی تھی
نمود قطرۂ شبنم نہ تھی وہ گلشن میں
بھرے تھے در صبا گلوں کے دامن میں

۴

مہک رہے تھے ادھر تازہ پھول وقت پگاہ
چہک رہے تھے ادھر طائران حق آگاہ
گلوں کے رخ سے نہ ہٹتی تھی بلبلوں کی نگاہ
شگوفے باغ کے سب کج کئے تھے اپنی کلاہ
عیاں خوشی تھی ہر اک روئے گل کی رنگت سے
نہال پھولوں سماتے نہ تھے مسرت سے

۲

۵۵

طرب سے بادِ سحر کی تھی چال مستانہ
گلوں سے ہجر کا کہتی تھی بلبل افسانہ
چراغ لالۂ تر کے صبا تھی پروانہ
بنا ہوا تھا چمن حسن سے پری خانہ
زمین دکھاتی تھی عالم سپہر اخضر کا
شجر کا سایہ نہ تھا فرش تھا مشجر کا

۵۶

ہر ایک پھول کا بستان میں ڈیڑھا دو رنگ
چمن تھا یا کہ خدیوِ بہار کا اورنگ
وہ صاف نہر کا پانی کہ جس سے آئینہ تنگ
وہ سرو چمن کہ سب قامت نگاہ کا رنگ
وہ گرد نخل گل سرخ و زرد بکھرے ہوئے
ادا دکھاتے تھے خوبانِ باغ نکھرے ہوئے

۵۷

وہ نکہتِ گل سنبل جو دور تک جائے
بہار وہ کہ دلوں کو جو دو جوبن لائے
گھنے درختوں کے سب دیکھے گھنے سائے
وہ خوش تھے پچھلے سے جو جو تھے پھر کے آئے
نشاط کر کے بچھے زیر درخت اترے ہوئے
زنانے ہوتے تھے پریوں کے تخت اترے ہوئے

۵۸

خوشی تھی قلب بعیدوں کے اور قریبوں کے
خیال ہجر تھا نہ خوف کچھ رقیبوں کے
سرورِ وصل سے دل خوش تھے خوش نصیبوں کے
کنار و بوس گلوں نے وہ عندلیبوں کے
ملال ہجر بھی تھا دور نامرادی بھی
نیاز و ناز بھی تھے چھیڑ بھی شادی بھی

۹م

ہر اک نہال پہ مرغانِ باغ کا وہ غل
صدا سے جن کی الم دل کا رفع ہو بالکل
ادھر تھے جلوہ نما چہرہ ہائے لالہ و گل
اُدھر سنوارے ہوئے زلفِ پرشکن سنبل
وہ لطف تھا جو کہیں اور غیر ممکن تھا
سحر کے وقت کہیں رات تھی کہیں دن تھا

۱۰م

چمن میں دیکھے تھے اوڑھ کے باغبانی
زمیں پہ چاہ سے تھا ہر طرف رواں پانی
ہر ایک نخل کے تھالے میں تھا عیاں پانی
ہوا تھا آبروئے باغ و بوستاں پانی
فسردگی گئی جان آگئی بحال ہوئے
شجر خرم و سیراب سب نہال ہوئے

۱۱م

چمن میں پھرتا تھا خنداں و شاداں گلچیں
گلوں کے ڈھیر میں جا کہاں کہاں گلچیں
کبھی نہاں تھا نہاں وہیں گہ عیاں گلچیں
ہر ایک پھول کو سمجھے ہوئے تھا جاں گلچیں
نہ شاخ تر کوئی چھوٹی نہ ایک بڑی ٹوٹے
یہ دھیان تھا نہ کسی گل کی پنکھڑی ٹوٹے

۱۲م

گلوں کے واسطے گلچیں کو تو یہ ہوئے الم
وہ کون تھے کہ جنھوں نے کیا یہ ظلم و ستم
وہ گلشن آہ جو تھا گلشنِ رسولِ امم
کیا وہ ظلم کی تیغوں سے باغیوں نے قلم
ریاض جس پہ محمد نے ماہ و سال کئے
وہ پھول تازہ و شاداب پائمال کئے

۱۳

چمن میں فاطمہ کے اس طرف خزاں آئی
جہاں بہار تھی فردوس کی وہاں آئی
وہ باغ اوجاڑنے کو فصل بے اماں آئی
وہ صبح آئی تو گویا بلا سے جان آئی
کسی نہال پہ گل دفعتاً چھٹا نہ کوئی
سلف سے آج تک باغ یوں لٹا نہ کوئی

۱۴

تعدّی پہ بنی خاروں نے اپنے منھ موڑے
شگوفے کھلنے بھی پائے نہ تو وہ سب توڑے
جو غنچے کچے تو یہ ظلم کچھ نہیں تھوڑے
نہ برگ چھوٹے نہ گل چھوٹے نہ ثمر چھوڑے
نہال چھٹنے پہ جو جو شجر تھے سب کاٹے
وہ پودے چھوٹے سے بوٹے بھی ہے غضب کاٹے

۱۵

کجا وہ دشت بلا شاہ مشرقین کجا
کجا وہ جانِ شہِ مرداں کا نورِ عین کجا
سوائے صدمۂ رنج و ملال چین کجا
ہزار حیف کجا کربلا حسین ؑ کجا
نبی کی قبر نواسے سے آہ چھٹ جائے
بسے تو وادیٔ ویراں میں بنت لٹ جائے

۱۶

یہ انقلاب جہاں وا دریغ وا دردا
وہ ظلم فوج گراں وا دریغ وا دردا
حسین و تیغ و سناں وا دریغ وا دردا
وہ قحط آب رواں وا دریغ وا دردا
عطش کا شور کئی روز سے برابر ہے
نہ گھر میں بوند ہے پانی کی اور نہ باہر ہے

۵۷

سپاہ شاہ ہے بے آب و دانہ دو دن سے
ہر اک کو تیر الم کا نشانہ دو دن سے
ہے اور رنگ زمین و زمانہ دو دن سے
غم آچکا ہے خوشی ہے روانہ دو دن سے
سحاب جور و جفا متصل برستے ہین
قریب نہر کے پانی کو سب ترستے ہین

۵۸

ہر ایک باغ کو تو باغبان کرین سیراب
چمن کو قطرے نہ دین آب خانہ خراب
کلیجے لالہ رخون کے ہین سوز غم سے کباب
وہ لب ہین خشک کہ تر جن سے تھی گل گلاب
پیئے یزید کی افوج دم بدم پانی
رسول حق کے نہ بچون کو ہو بہم پانی

۵۹

حرم مین غل ہے کہ عباس نامور کو بلاؤ
سکینہ غرق ہے اک جام آب بھر کے لاؤ
خیام تک نہ رفقاے امام پاک کے جاؤ
بچا ہوا کہین قطرہ بھی ہو تو یان سے آؤ
ہوا نہ حلق سے یہ نالہ قائم ہوتا ہے
غضب ہوا علی اصغر تمام ہوتا ہے

۶۰

ادہر ہے نہر کو روکے ہوئے سپاہ گران
تمام گھاٹ ہین کثرت سے شانہ بہ شان
کھڑے ہین نہر پہ آہن مین غرق لاکھ جوان
ہجوم فوج سے حیران خود ہے آب روان
قلق جو ساقی کوثر کے نور عین کا ہے
تمام نہر مین اک شور وا حسین کا ہے

۲۱

کنارے جو ہیں جھاؤ پر سے جھکے ہوئے
بن زیاد کے بھیجے ہوئے بلائے ہوئے
قریب صبح ہیں جو شام سے ہیں آئے ہوئے
مثال ابر سیہ دل پہ دل ہیں چھائے ہوئے
شریر و کینہ ور و تنگدل ہیں جتنے ہیں
زمیں نظر نہیں آتی پیادے اتنے ہیں

۲۲

چمک سنانوں کی جاتی ہے تا بہ چرخ بریں
صدائے کوس و دف و نے سے ہل رہی ہے زمیں
سیاہ و سرخ کھلے ہیں نشان لشکر کیں
سوئے یسار ہے شمر ابن سعد سوئے یمیں
دل رسول کو آزار دینے آئے ہیں
یہ سب شقی سر شبیر لینے آئے ہیں

۲۳

ادھر بھی جمع ہے چھوٹا سا شاہ کا لشکر
جمے ہوئے ہیں صفوں میں قاسم و علی اکبر
ہے ابن قین کو تفویض میمنہ یکسر
سجے ہوئے میسرہ ابن مظاہر صفدر
نشان فوج ہے بازوئے شاہ کھولے ہوئے
جوان لشکر شاہی ہیں تیغیں تولے ہوئے

۲۴

علم کے پاس ہیں سب نور عین شاہ نجف
عیاں رخوں سے ہے شان جلال و عز و شرف
ہر ایک غازی ہے شوق ارم میں سر بکف
صفیں ہیں فوج کی یا سطر ہائے سورۂ صف
حسین جلوہ نما ان میں ہیں اون تاروں میں
کہ سورہ ہے جس طرح یٰس پاروں میں

۵۲۵

جنابِ مصحفِ ناطق کے یہ ورق سب ہیں
جلیل ہیں دل و جانِ حبیبِ حق سب ہیں
اگرچہ حاملِ رنج و غم و قلق سب ہیں
پر افتخارِ رسولانِ ماسبق سب ہیں
زیادہ عرش سے آلِ عبا کا پایا ہے
انھیں کے واسطے قرآنِ پاک آیا ہے

۵۲۶

خدا کے دوست ہیں سبق پرستِ حق بیں ہیں
عدوئے رب ہیں وہ جو انسے برسرِ کیں ہیں
مجاہدین ہیں جری ہیں مروّجِ دیں ہیں
نہ کیوں ہوں شان میں اعلیٰ کہ آلِ یٰسیں ہیں
بزرگ و خورد ہیں گو رتبہ ایک حاصل ہے
کہ ان میں سے کوئی قرآن کوئی حامل ہے

۵۲۷

سخی شجاع اولوالعزم صاحبانِ کرم
خدیوِ مملکتِ جود و فیض و جاہ و حشم
امیرِ جن و ملک افضلِ بنی آدم
چراغِ کعبۂ حق شمعِ محفلِ عالم
بہارِ حسن پہ دنیا کی کشت ہے جن سے
یہ چاند وہ ہیں کہ روشن بہشت ہے جن سے

۵۲۸

علی کی نسل ہیں ذریتِ رسولِ خدا
بتول کے دل و جان عترتِ رسولِ خدا
ہر اک ہے شانِ علی شوکتِ رسولِ خدا
امانتِ شہِ دیں دولتِ رسولِ خدا
جو تھے بزرگ تو انکے وہی الے ہیں
امام زادے ہیں اور رسول زادے ہیں

٥٢٩

وہ شان و شوکتِ سالارِ لشکرِ اللہ
جنابِ اکبرِ غازی علی کے نورِ نگاہ
شبیہ حضرتِ ختمی پناہ عالی جاہ
کہ جن کے خوف سے خائف ہے لشکرِ گمراہ
دکھائین زور تو مثلِ ورق زمین اولٹے
کھڑے ہین مثلِ یداللہ آستین اولٹے

٥٣٠

جنابِ قاسمِ ذیشان اور ہین ایستادہ
حسنؑ کے باغ کا سرسبز سروِ آزادہ
دکھا رہا ہے جلالِ علی وہ شہزادہ
پئے جہاد ہین دادا کی طرح آمادہ
بڑھے رہین گے یہ بچپن مین نوجوانون سے
لڑی ہوئی ہے نظر وان کے پہلوانون سے

٥٣١

جنابِ زینبِ عالی کے دونو لختِ جگر
کھڑے ہین چین بہ جبین مثلِ حیدر و جعفر
ہین بر مین چھوٹی سی زرہین بندھی ہوئی ہے کمر
عنان پہ ہاتھ ہین اور نیمچے ہین کاندھون پر
یہ ولولے ہین کہ پسپا کرین ہزارون کو
ادب سے شاہ کے روکے ہین راہوارون کو

٥٣٢

عجب جلالِ علمدارِ شاہِ حق اساس
خدا کے شیر کے دلدار حضرتِ عباس
کہ جن کے رعب سے چھایا ہے لشکرِ دنی پہ ہراس
سپر کیے ہوئے سینہ ہین شاہزادون کے پاس
دعائین جینے کی اک اک جری کو دیتے ہین
کوئی بڑھا آتا ہے صف سے تو روک لیتے ہین

۳۳

اشارہ ہے کہ جا کے رہو تم اپنا پرا
شروع جنگ ہے ہاں اب نہیں ہے دیر ذرا
ہمارے بعد کرو نصرت شہ دوسرا
دکھاؤ رنگ جدال و صفی غیور ذرا
ہے انتظار کہ خونخوار فوج شر سے بڑھیں
خدنگ آئیں ادھر سے تو ہم ادھر سے بڑھیں

۳۴

یہ عرض کرتے تھے عباس سے وہ ماہ لقا
امام دین سے دلا دیجے پہلے ہم کو رضا
اور ڈالیں فوج پہ گھوڑے مثال شیر خدا
چلیں یہ تیغیں بھر دیں لہو سے دشت بلا
ابھی تو کاٹ کے ہر سر اتار دیتے ہیں
کہیں جو آپ تو دریا کو چھین لیتے ہیں

۳۵

ہمارے سامنے لشکر کے یہ جوان کیا ہیں
پچھاڑ کیا ہے علم کیا ہے اور نشان کیا ہیں
یہ بھالے کیا ہیں یہ سر تیز برچھیاں کیا ہیں
یہاں فوج ہیں کیا اور یہ پہلوان کیا ہیں
خدا کے شیر کے شیروں کے منھ یہ چڑھ نہ سکیں
ہم اس طرح انھیں پسپا کریں کہ بڑھ نہ سکیں

۳۶

حسین کہتے ہیں رکے رہو انھیں بھائی
بچے ہیں محفظ میں جب یہ فوج ہو آئی
ہمارے جسم کی ہیں جان سب یہ شیدائی
علی کے ہاتھوں کی قوت ہر اک نے ہے پائی
بڑھیں اگر تو ہزاروں سے بھی جھکیں گے نہ یہ
سوا ہمارے کسی اور سے رکیں گے نہ یہ

۳۷

یہ عرض کرتے ہین یحییٰ انکا تازی ہین
قلیل عمر ہین خواہان سرفرازی ہین
جری و ہاشمی و مکی و حجازی ہین
۱۰ ہین سب کے جد اسد اللہ وہ غازی ہین
سحر سے رزم کا یہ عزم کر چکے مولا
یہ شیر بچہ سے بھی مشکل سے ہین رکے مولا

۳۸

یہ ذکر ادھر تھا کہ تیر اوس طرف سے آنے لگے
رفیق آپکے یکایک اوڑن جانے لگے
مثال شیر ژیان جرأتین دکھانے لگے
اوٹھا کے زخم لہو مین جری نہانے لگے
فدائے راہ ادی ہر ایک جب ہوا
حسین لاش اوٹھا لائے جو شہید ہوا

۳۹

لڑے بہتر اوسدن بہ اوس پیاس مین وہ صفدر
بہائے خون کے دریا گئے لب کوثر
ہر اک دوست کی فرقت مین لٹ گئے سرور
کہ جیسے دوست تھے بھائی کو بھائی چلا کر
غضب کا غم پسر ختم مرسلین نے کیا
پچاس لاشون پہ ماتم امام دین نے کیا

۴۰

عزیز شہ کے پھر آمادہ جدال ہوئے
دغا سے اون کی تو عاجز جفا خصال ہوئے
شہید زینب و مسلم کے نونہال ہوئے
حسن کے لال بھی آخر لہو مین لال ہوئے
نظر سے چھپ گئے جو عرش کے ستارے تھے
وہ بچے قتل ہوئے جو نبی کے پیارے تھے

۲۲۱

ہوا نہیں غم قاسمؑ سے شاہ دیں کو فراغ
فلک دکھاتا ہے اب نوجوان بھائی کا داغ
وہ بھائی آہ جو ہے تربت علی کا چراغ
کہ جس سے تازہ ہے شبیرؑ کی حیات کا باغ
توان جسم ہے جان امام والا ہے
جسے حسینؑ نے گودی میں اپنی پالا ہے

۲۲۲

معین و حافظ جان لطف زندگانی بھی
جلال و رعب میں شیر خدا کا ثانی بھی
جری بھی شیر بھی سرگرم جانفشانی بھی
شفیق اہل وفا باپ کی نشانی بھی
جو صورت تن و جاں خوشخصال ساتھ رہا
وہ بھائی جس کا کہ بتیس ۳۲ سال ساتھ رہا

۲۲۳

وہی تھا جس سے دل شاہ اب بھی چھٹتا ہے
جو ہے شبیر اسد اب وہ چھٹتا ہے
علی کے گھر کا جو ہے ماہ اب وہ چھٹتا ہے
جو بازوؤں کا ہے زور آہ اب وہ چھٹتا ہے
کہاں بھی سے جھکی ہے یہ تیغ طاری ہے
یہ کوہ صدمہ و اندوہ سب سے بھاری ہے

۲۲۴

وداع ہوتے ہیں عباسؑ رو رہے ہیں امام
بکا کا جوش ہے رخ آنسوؤں سے تر ہے تمام
گلے میں ہاتھ ہیں بھائی کے اور لب پہ کلام
تمہارا کوچ ہے مظلوم کی اجل کا پیام
کیا بسھوں نے سفر تم بھی منہ کو موڑ چلے
مسافرت میں مسافر کا ساتھ چھوڑ چلے

۵۲۵

خبر نہ تھی کہ فلک یوں ہمیں ستائے گا
حسینؑ تم سا وفادار اب نہ پائے گا
تمھارے بعد کدھر یہ غریب جائے گا
ستم کی تیغوں سے کون اب ہمیں بچائے گا
مصیبتوں کے فلک اندھیر ہم پہ توڑیں گے
رسول پاک کا گھر اہل شام لوٹیں گے

۵۲۶

تمھیں شہید کریں بے ادب مرے آگے
اٹھو جہاں سے تم تشنہ لب مرے آگے
یہ ظلم ہو عیاں ہے غضب مرے آگے
حرم نبی کے تمھیں روئیں پیٹ سر سے آگے
تمھارے خون سے آلودہ یہ علم دیکھیں
فرات پر تمھیں بے دست جا کے ہم دیکھیں

۵۲۷

تمھارے غم سے ہے سینہ میں دل تہ و بالا
ابھی سے دن مری آنکھوں میں ہو گیا کالا
کیا یہ بخت نے ہیہات تفرقہ ڈالا
بچھڑتا اب ہے بچپن کا چاہنے والا
بچھڑ کے چھوٹے مسافر کی طرح بیٹھے
ہٹے ہیں جو تم سے نہیں ہیں جینے کے

۵۲۸

سکینہ بالی تو مر جائے گی یہ سن کے خبر
کہوں میں کیا تمھیں پوچھے اگر وہ تشنہ جگر
عطش سے ایک تو ہے جان بلب وہ نور نظر
پہاڑ دوسرا گرتا ہے غم کا یہ اوس پر
یہ ڈر ہے زیست کی صورت نکل بچا امید
تمھارے غم میں دم اوس کا نکل نہ جائے کہیں

۴۹

بکاے شاہ سے عباس بھی ہین اشک فشان
یہ عرض کرتے ہین اے قبلۂ زمین و زمان
غلام کیلیے یہ اضطراب و آہ و فغان
حضور فاطمہ و مصطفیٰ کی تن کی ہین جان
نثار ہوتے ہین پھر کیا کرون جو کرنہ کرو
یہ ظلم آپ پہ دیکھون نہین اور مدد نہ کرون

۵۰

گلے لپٹتا ہے کہہ کے ابن الرسالت کا
ہو کیا ابھی تک مری شہادت کا
سوال اگرچہ کہ کیا اجازت کا
اشارہ آپ سے پایا اگر نہ رخصت کا
خوشی تھی جس کی وہ ہنگام ٹل گیا ہیہات
ہمارے مرنے کا موقع نکل گیا افسوس

۵۱

ہین پہ بیٹا اگر [illegible] امام حسین
تو ہو سکا [illegible] ہوئے تھے شہید
جہان میں جو کہ کے ہو سکے گا
تو مجھ سے خوب ہوئے ہو سکے وہ سعید و رشید
وہ سب تو قتل ہوئے ہونگے [illegible]
وہ سب تو قتل ہوئے زندہ رہ گیا خادم
نبی کی آل سے شرمندہ رہ گیا خادم

۵۲

دعا ہے اب کہ ہو میری شہادت آپ رہین
خدا کے سایہ میں باشان و شوکت آپ رہین
مجھے ہو قتل کے مقتل میں زحمت آپ رہین
نہ ہون غلام مگر تا قیامت آپ رہین
جہان میں کیا ہے جو نور فلک جناب نہو
وہ دن ہے رات سے بدتر جو آفتاب نہو

۱۴

۵۵۳

پہ چاہتا ہوں کہ جلدی فرات پر جاؤں
ستم کی فوج سے لڑ بھڑ کے مشک بھر لاؤں
بچیں صغیروں کی جانیں جو پانی لے آؤں
بنوں سکینہ کا سقہ تو آبرو پاؤں
خیال ہوگا اُسے میرے پھر کے آنیکا
غلام کر چکا ہے وعدہ پانی لانے کا

۵۵۴

نہیں غم اس کا جو تیر تا بقدم ہوں میں بھروں
پھرائی دوش پہ بچوں کی مشک بھر کے دھروں
بتول جس سے خوشی ہوں وہ آج کام کروں
مری وفا کا ہے ذکر خلق میں جو مروں
اوٹھاؤں زخم بدن خون میں ترشاں بھی ہو
یہ ہاتھ بھی ہوں فدا آپ پر یہ جان بھی ہو

۵۵۵

کہا حسین نے بہتر ہے دیکھئے یہ عزم
چلا غم اور نکالا ہمارے جسم سے دم
مل آؤ جا کے حرم سے تو جاؤ سوئے عدم
کہا کہ سب سے مل آیا غلام شاہ امم
فراق آپ کا ہر چند شاق ہے مولا
نثار جلد ہوں یہ اشتیاق ہے مولا

۵۵۶

یہ کہکے بھائی سے عباس با وفا روئے
تڑپ تڑپ کے ادھر شاہ کربلا روئے
پدر کے رونے پہ ہمشکل مصطفیٰ روئے
چچا بھتیجے گلے مل کے پھر جدا روئے
امام نوحہ کناں یوں تھے نامور کیلئے
کہ باپ روتا ہے جس طرح سے پسر کیلئے

۵۵۷

یہی تھا لب پہ کہ ہے ہے مرے جوان بھائی
شفیق دوست مرے میرے مہربان بھائی
اب آج آنکھوں سے ہو جاؤ گے نہان بھائی
کہو کہ ڈھونڈھتے جاؤں تمھیں کہاں بھائی
دل حزیں کو نہ راحت نصیب اب ہوگی
بتاتے جاؤ ملاقات تم سے کب ہوگی

۵۵۸

قدم پہ گر کے یہ عباس باوفا نے کہا
خدا کے واسطے رقت کو تھام لیں آقا
کہا کہ خیر سدھارو جو کچھ خدا کی رضا
سلام کر کے بڑھا ابن شاہ قلعہ کشا
اٹھا جو درد تو شہ مشرقین بیٹھ گئے
کمر پکڑ کے زمین پر حسین بیٹھ گئے

۵۵۹

جری کا رخش صبا رشک تیز گام آیا
پری کی چال سے شبدیز خوش خرام آیا
گراں رکاب سبک سیر و خوش لجام آیا
قریب بادیۂ شاہ فلک مقام آیا
بلند کوکب اقبال نامدار ہوا
نشان مشک لیے باوفا سوار ہوا

۵۶۰

سوار ہوتے ہی طاؤس بن گیا رہوار
کیا جو دم کو چنور اور ہو گئی رفتار
بڑھا وہ یوں کہ چلے جس طرح نسیم بہار
طرارے بھرنے لگا مثل آہوئے تاتار
شجاع جری سواری میں اوس دلیری ہے
ہرن کی آنکھ ہے لیکن نگاہ شیر کی ہے

٦١

چمک میں نعل قدم سے ہے شرمسار ہلال
نشانِ نعل سے بھی تو ہیں آشکار ہلال
